عزیز اہلِ خانہ،

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) میں، ہماری اولین ترجیحات میں سے ایک اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہر طالب علم شدید موسم یا دیگر ہنگامی حالات جیسے غیر متوقع حالات کے دوران بھی تعلیم جاری رکھ سکے جس کے لئے ہمارے اسکولوں کو ریموٹ تعلیم کی طرف جانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ہم اس طرح کے حالات کے لیے ہر وقت تیار ہیں ہم کامیاب ریموٹ تعلیم کے لیے اپنے طلباء اور عملے کی مکمل تیاری کو یقینی بنانا چاہتے ہیں۔

ہماری جاری کوششوں کے حصے کے طور پر، ہم **جمعرات، 6 جون، 2024** کی صبح ہنگامی صورت حال میں مستعدی کی ایک فرضی مشق کریں گے۔ چونکہ 6 جون طلباء کے لئے ایک مقررہ **غیر حاضری کا دن ہے لہذا طلباء گھر سے اس فرضی سرگرمی** میں حصہ لیں گے۔ اس سے طلباء کو اپنے اساتذہ کے ساتھ آن لائن مشغول ہونے کا موقع ملے گا جیسے وہ حقیقی ریموٹ تعلیم کے دن کرتے ہیں۔

اس فرضی مشق کے دوران، طلباء اور اساتذہ غیر تدریسی سرگرمی میں مشغول ہونے کے لئے پہلے سے طے شدہ دورانیے کے دوران NYCPS نظام پر لاگ ان کریں گے جس میں ہماری NYCPS ایپلیکیشنز میں لاگ ان کرنا شامل ہے۔

کیا شرکت ضروری ہے؟

یہ سرگرمی مکمل طور پر رضاکارانہ ہے۔ البتہ، شرکت کرنے والے طلباء کی تعداد جتنی زیادہ ہوگی، یہ ہماری فرضی ہنگامی تیاری کی مشق کو ہمارے اسکولوں سے ریموٹ تعلیم میں منتقل ہونے کا تقاضا کرنے والے شدید موسم یا ہنگامی حالات جیسے غیر متوقع واقعات میں ریموٹ تعلیم میں منتقل ہونے کے لیے اتنا ہی درست اور مفید بنائے گی۔

یہ سرگرمی کب تک جاری رہے گی؟

یہ سرگرمی تمام گریڈز کے لیے 25 منٹ تک جاری رہے گی۔ ہم اسکی ستائش کریں گے اگر آپ سرگرمی کے پورے دورانیے میں آن رہیں۔

طلباء کیا کریں گے؟

1. ہر اسکول 6 جون کی فرضی مشق کے لئے مخصوص آن لائن سرگرمی کا تعین کرتا ہے۔
2. یہ اسکول بھر میں میٹنگ سے لے کر ، ایک وڈیو دکھانے، طلبا کے لیے استاد کے "قابلِ رسائی دفتری اوقات" کی میزبانی کرنا ہو سکتا ہے۔ اساتذہ پہلے سے ہدایات فراہم کریں گے۔
3. مشق سے قطع نظر، تمام طلباء کو NYCPS TeachHub میں لاگ ان کرنے کے لئے کہا جائے گا۔

طلباء کو حصہ لینے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے؟

حصہ لینے کے لیے طلباء کو یہ چیزیں چاہئیں:

1. ایک انٹرنیٹ سے چلنے والا پرفعال آلہ، (ڈیوائس)
2. انٹرنیٹ کا کنیکشن، اور
3. ان کی لاگ ان کرنے کی طالب علم معلومات

اگر آپ کے بچے کو کسی آلے تک رسائی حاصل نہیں ہے تو اس کی درخواست کرنے کے لئے 6 جون سے پہلے اپنے بچے کے استاد سے رابطہ کریں۔

اگرچہ اس فرضی ریموٹ مشق میں شرکت رضاکارانہ ہے، ہم امید کرتے ہیں کہ آپ ہمارے اسکول کی ہنگامی تیاریوں کی معاونت میں مدد کرنے کے لئے 6 جون کو ہمارے ساتھ شامل ہوں گے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ مستقبل میں ہنگامی ریموٹ تعلیم کے دن ہمارے خاندانوں، طلباء اور عملے کے لیے ایک کامیابی ہیں اس کے لیے آپ کی مدد گراں قدر ہے۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ مہربانی مجھ سے رابطہ کریں.

ہم آپ کی شرکت اور تعاون کا پیشگی شکریہ ادا کرتے ہیں، جو ہمارے ہنگامی صورت میں مستعدی کو بہتر بنانے میں بہت مددگار ہوگا۔

بخلوص،

پرنسپل